NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2018

# URDU FIRST ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 80 marks

---

**PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY**

1. This question paper consists of 7 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Answer Sections A, B and C.
4. Start each question on a new page.
5. All answers must be in URDU.
6. Strike out all rough work.
7. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

---

IEB Copyright © 2018

**SECTION A COMPREHENSION**

سوال نمبر ۱۔

تین آدمی سفر کر رہے تھے۔ راستے میں اُن کو تین سونے کی اینٹیں ملیں۔ تینوں نے خوشی خوشی سے ایک ایک اینٹ لی۔ پھر آگے بڑھے۔ اُن کے پاس کھانے کا سامان نہیں تھا۔ جب بھوک سے بے چین ہو گئے، تو آپس میں کہا، کہ کہیں سے کھانے کا سامان منگوانا چاہیے۔ اُن میں کا ایک شخص بولا، کہ آپ دونوں یہیں ٹھہر جائیں۔ مَیں ابھی نزدیک کے گاؤں سے کھانا خرید کر لاتا ہوں۔ دونوں نے یہ بات منظور کر لی اور وہیں رُک گئے۔ پھر تیسرا آدمی کھانا لانے کے لئے گاؤں کی طرف چل پڑا۔ راستے میں اُس کی نیّت بدل گئی۔ اُس نے اپنے دِل میں سوچا، کہ اگر مَیں کھانے میں زہر مِلا دوں، تو بڑا اچّھا ہوگا۔ کیونکہ جب میرے دونوں ساتھی زہریلے کھانے کو کھائیں گے تو مر جائیں گے اور تینوں اینٹیں میری ہو جائیں گی۔ یہ سوچ کر اُس نے کھانا خریدا اور اُس میں زہر مِلا دیا۔ پھر وہی زہریلا کھانا ساتھ لے کر آیا۔ اِدھر اُس کے آنے سے پہلے اُس کے دونوں ساتھیوں نے یہ بات طے کر لی، کہ ہم دونوں مِل کر اُس کو مَار ڈالیں گے۔ تاکہ اُس کے حصّے کی اینٹ بھی ہم لوگوں کی ہو جائے۔ جب وہ تیسرا شخص کھانا لے کر پہنچا، تو اچانک یہ دونوں اُس پر ٹوٹ پڑے اور اُس کو جان سے مَار ڈالا۔ بھوکے تو پہلے ہی سے تھے۔ جب قتل سے فارِغ ہو کر اُس کھانے کو کھایا، تو پھر یہ دونوں بھی مر گئے اور سونے کی اینٹیں وہیں رہ گئیں۔

پیارے بچّو! لالچ بہت بُری بَلا ہے۔ دیکھو لالچ ہی نے اِن تینوں کی جان لے لی! خبردار! دوسرے کا حق مَارنے کے لئے تم کبھی لالچ نہ کرنا۔ [پنجاب بُک بورڈ - لاہور]۔

IEB Copyright © 2018

سوال نمبر ۱
جواب لکھیئے.

۱. راستے میں کس چیز پڑی ہوئی تھی؟
۲. آدمی کیوں بھیجے تھے؟
۳. ایک آدمی نے کیا ترقیب بتائی؟
۴. جو آدمی کھانے کی تلاش میں گیا تھا اُس نے کیا سوچا تھا؟
۵. دُوسرے دو آدمیوں نے کیا سوچا تھا؟ (5)

سوال نمبر ۲.
الفاظ کو جُملوں میں استعمال کیجئے.

۱. سامان
۲. زہر
۳. قتل
۴. ساتھی
۵. منظور (5)

سوال نمبر ۳
ایک ایک پر اپنے الفاظ میں پیراگراف لکھیئے. (۵-۶ لائن).

۱. لالچ بہت بُری بلا ہے. (5)
۲. اِس کہانی سے آپ کو کیا سبق مِلتا ہے؟ (5)

سوال نمبر ۴
اِس کہانی کا خُلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے.
(۸۰-۱۰۰ لائن). (10)

**30 marks**

**SECTION B SUMMARY**

سوال نمبر ۱ ۔ جائزہ

کہانی پڑھیے اور اپنے الفاظ میں تقریباً (۸۰) ما ئۃ الفاظ کا جائزہ لکھیے .

ایک آدمی کرسی پر سے گر پڑا۔اُس کے گرنے سے جو دھماکا ہوا، اُسے سُن کراُس نے اپنے نوکر سے پوچھا، ''ارے منگلو ، یہ دھماکا کیسا ہوا؟ معلوم ہوتا ہے کوئی گر گیا۔'' منگلو نے کہا ''حضور ،آپ ہی تو گرے ہیں۔'' یہ سُن کر اُس آدمی کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔بولا، ''تب تو بڑی چوٹ آئی ہوگی۔''

تم کہوگے یہ آدمی بھی عجیب تھا، کہ خود ہی تو گرا اور خود ہی کہتا ہے ''تب تو بڑی چوٹ آئی ہوگی۔'' بات یہ ہے، کہ وہ افیم (opium) کھاتا تھا اور نشے کی دوسری چیزوں کی طرح افیم بھی اِنسان کے دِماغ کو بےکار کر دیتی ہے۔وہ اپنے ہی کو نہیں ساری دنیا کو بھول جاتا ہے۔

نشہ آدمی کی تندرستی کو خراب کر دیتا ہے۔اُس کے دِماغ پر بھی بُرا اثر پڑتا ہے اور ذرا ذرا سی مُشکل سے گھبرانے لگتا ہے۔وہ اپنے اوپر بھروسہ نہیں کر سکتا اور ہمّت اُس کے لئے ناممکن بن جاتی ہے۔

بہت دن ہوئے، انگریزوں نے چین پر قبضہ جمانا چاہا تھا، تو چینیوں کو افیم کِھلانے کی ترکیب سوچی۔جب چینیوں نے افیم کھانے سے اِنکار کیا تو لڑائی چھیڑی۔افیم کی یہ لڑائیاں تاریخ میں بہت مشہور ہیں۔

[پنجاب بک بورڈ : لاہور].

**10 marks**

IEB Copyright © 2018

## SECTION C LANGUAGE

سوال نمبر ۳ : گرائمر

امیر آدمی

اُس کا ہر وقت لیٹے رہنا ہے ۔ بہت غور کرنے کے بعد ایک تدبیر اس کی سمجھ میں آئی ۔ حکیم دوسرے دن امیر آدمی کے پاس گیا اور اس سے کہا، آپ کا علاج آپ کی حویلی میں نہیں ہو سکتا ۔ اِس کے لیے گاؤں سے باہر ایک کمرہ بنوائیے ! اُس میں آپ کا علاج کیا جائے گا اور آپ بالکل تندرست ہو جائیں گے ۔ امیر آدمی زندگی سے تنگ تو آہی چکا تھا ۔ اُس نے فوراً اپنے نوکروں کو گاؤں کے باہر کمرہ بنوانے کا حکم دے دیا ۔

کچھ دن بعد کمرہ تیار ہو گیا ۔ حکیم نے اُس کے فرش پر آگ جلائی ۔ جب فرش گرم ہو گیا تو اُس نے امیر آدمی کو بُلا بھیجا ۔ وہ دو گھوڑوں کی بگھی میں بیٹھ کر اُس جگہ پہنچا ۔ حکیم نے نوکروں کو یہ کہہ کر واپس بھیج دیا کہ تم دو گھنٹے کے بعد آکر اپنے مالک کو گاؤں واپس لے جانا ۔ جب نوکر چلے گئے تو حکیم نے کمرے کا دروازہ کھولا اور امیر آدمی سے اندر چلنے کے لیے کہا ۔ جیسے ہی امیر آدمی کمرے میں داخل ہوا حکیم نے فوراً کمرے کا دروازہ بند کر دیا اور خود وہاں سے چلا گیا ۔

امیر آدمی جب کمرے میں داخل ہُوا تو اس نے شور مچانا شروع کر دیا ۔ " دروازہ کھولو ! دروازہ کھولو !! میرے پَیر جَل رہے ہیں ۔" مگر وہاں اُس کی فریاد سُننے والا کوئی نہ تھا ۔ وہ زیادہ دیر تک فرش پر پَیر نہیں رکھ سکتا تھا ۔ اِس لیے اُس نے کمرے میں اُچھلنا کودنا شروع کر دیا ۔ وہ ایک پَیر فرش پر رکھتا، دوسرا اٹھائے رکھتا ۔ جلد ہی اُسے دوسرا پَیر بدلنا پڑتا ۔ اِس طرح کافی دیر تک وہ کمرے میں رہا ۔

[ پنجاب بک بورڈ لاہور ]

## گرائمر

سوال نمبر۱ جملے پورے کیجئے

۱. امیر آدمی کا عِلاج حویلی میں نہیں ہوا تھا کیونکہ (2)

۲. حکیم نے فوراً دروازہ بند کر دیا اور (2)

۳. امیر آدمی کمرے میں شور مچانے لگا کیونکہ (2)

۴. امیر آدمی پسینے میں شرابور ہوگیا کیونکہ (2)

۵. میرے پیٹ جل رہے ہیں کیونکہ (2)

سوال نمبر۲ الفاظ کی ضد لکھیئے.

۱. تندرستی (1)

۲. اوّل (1)

۳. آسان (1)

۴. قریب (1)

۵. دروازہ کھولنا (1)

سوال نمبر۳

الفاظ اور مُحاوروں کی معنٰی لکھیئے.

۱. تدبیر (1)

۲. عِلاج (1)

۳. حُکم دے دیا (1)

۴. فریاد (1)

۵. شرابور ہوگیا (1)

IEB Copyright © 2018

سوال نمبر ۴ غلط جملوں کو درست کیجئے

۱. بڑا لڑکا میرا بات نئی سنتا. (2)

۲. میرا دروازہ کی چابی کھا ہے؟ امی جان نے کھا. (2)

۳. اس کا بیٹی بوت بیمار ہے؟ (2)

۴. رشیدہ باورچا میں کھانا پکتی ہے. (2)

۵. استاد کران رات کے پڑتا ہے. (2)

سوال نمبر ۵. جملوں کو جمع میں لکھئے.

۱. بچہ بازار میں چلتا ہے. (2)

۲. لڑکا ڈربن جا رہا ہے. (2)

۳. وہ کالا کتا میدان میں ہے. (2)

۴. عورت کو یتیم کی مدد کرنا ضروری ہے. (2)

۵. گھر کا دروازہ بڑا ہے. (2)

**40 marks**

**Total: 80 marks**

IEB Copyright © 2018